اردو صحیح لکھئے
مولانا رضاء الرحمن رحمانی
پیش کش
فروغ ادب رحمانی فاؤنڈیشن
بیلن بازار، مونگیر، بہار

اُردو صحیح لکھئے

تحریر

مولانا رضاء الرحمٰن رحمانی

استاذ جامعہ رحمانی مونگیر

فروغ ادب، رحمانی فاؤنڈیشن، بیلن بازار، مونگیر (بہار)

کتاب : اُردو صحیح لکھیے

تحریر : مولانا رضاء الرحمٰن رحمانی

کمپوزنگ : مولانا مجاہد الاسلام رحمانی

طباعت : (پہلی مرتبہ) نومبر ۲۰۰۹ء

(دوسری مرتبہ) دسمبر ۲۰۲۰ء

صفحات : ۵۶

ملنے کا پتہ : دارالاشاعت، خانقاہ رحمانی، مونگیر (بہار)

فروغ ادب، رحمانی فاؤنڈیشن، بیلن بازار، مونگیر (بہار)

Scanned with CamScanner

فہرست عناوین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مقدمہ

مفکر اسلام حضرت مولانا محمد ولی صاحب رحمانی دامت برکاتہم
سجادہ نشیں خانقاہ رحمانی مونگیر

اردو سیکھنے والے ہی نہیں، برسوں کے مشاق حضرات بھی اردو بولنے اور لکھنے میں غلطی کرتے ہیں۔ ''اردو صحیح لکھئے'' میں یہ بتایا گیا ہے کہ عام طور پر یہ غلطیاں کہاں کہاں ہوتی ہیں اور لکھنے کا صحیح طریقہ کیا ہے، علامتیں کیا ہیں اور ان کا استعمال کہاں کہاں کس کس طریقہ پر ہوتا ہے، جن الفاظ پر ''ال'' بڑھاتے ہیں، ان کا تلفظ کہیں لام کے ساتھ ہوتا ہے اور کہیں بغیر لام کے، ان دونوں کے اصول بتائے گئے ہیں۔ کچھ کلمات اور جملے ایسے ہیں جنھیں عام طور پر اردو میں بولا اور لکھا جاتا ہے، مگر اس میں غلطیاں عام ہیں، مثلاً خاصے پڑھے لکھے حضرات بھی بِجِنسُہٗ اور بِعَینہٗ، مَثبَتُ، مَنفِی لکھتے اور بولتے ہیں، جب کہ صحیح الفاظ یوں ادا ہوں گے: بِجِنسِہٖ، بِعَینِہٖ، مُثبَتُ، مَنفِیُ۔ وغیرہ

میرے عزیز مولانا رضاء الرحمٰن صاحب رحمانی سلمہ اللہ، زبان وادب کا اچھا ذوق رکھتے ہیں اور برسوں سے جامعہ رحمانی مونگیر کے طلبہ کی زبان اور قلم کی اصلاح اور مشق کی خدمت انجام دے رہے ہیں۔ انھوں نے یہ رسالہ اپنے طویل تجربہ کے پیشِ نظر محنت سے مرتب کیا ہے اور ایجابی انداز میں صحیح چیزوں کو پیش کیا ہے۔ امید ہے کہ نہ صرف اردو سیکھنے والے اس رسالہ سے فائدہ اٹھائیں گے اور اپنی غلطیوں کی خود اصلاح کریں گے بلکہ وہ حضرات بھی اس ''خشک تحفہ'' کو دل سے قبول کریں گے، جو ''صحیح اردو'' کو ذریعہ ترسیل بناتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ عزیزی مولانا رضاء الرحمٰن رحمانی سلمہ اللہ تعالیٰ کو جزاء خیر دے اور مزید خدمات کا موقعہ، توفیق اور حوصلہ دے۔ آمین یارب العالمین۔

محمد ولی رحمانی
خانقاہ رحمانی مونگیر

۸؍ ذی قعدہ ۱۴۳۰ھ مطابق ۲۸؍ اکتوبر ۲۰۰۹ء۔ سہ شنبہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اردو کے حروف ہجا یہ ہیں:

ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح خ د ڈ ذ ر ڑ ز ژ س ش
ص ض ط ظ ع غ ف ق ک گ ل م ن و ہ ی ے
بھ پھ تھ ٹھ جھ چھ دھ ڈھ رھ ڑھ کھ گھ لھ مھ نھ

دوچشمی ھ مستقل حرف نہیں ہے۔

یہ ہمیشہ مذکورہ پندرہ حرفوں سے مل کر ہی استعمال ہوتا ہے، اکیلے ہرگز استعمال نہیں ہوتا، دراصل حروف دوطرح کے ہوتے ہیں، ایک مفرد جو الف سے ی تک ہے، دوسرے مرکب، جو بھ، تھ وغیرہ پندرہ حروف ہیں، مرکب حروف کی مثال اس طرح ہے۔

۱- بھ: بھالو، بھالا، ۲- پھ: پھول، پھل، ۳- تھ: ساتھ، ہاتھ، ۴- ٹھ: جیٹھ، پیٹھ، ۵- جھ: جھولا، بوجھ، ۶- چھ: پوچھ، کچھ، ۷- دھ: باندھ، بدھ، ۸- ڈھ: ڈھول، ڈھال، ۹- رھ: تیرھواں، ۱۰- ڑھ: پڑھنا، چڑھنا، ۱۱- کھ: کھیت، لاکھ، ۱۲- گھ: گھوڑا، باگھ، ۱۳- لھ: چولھا، کولھو، لولھا، ۱۴- مھ: کمھار، ۱۵- نھ: ننھا۔

الفاظ بناتے وقت جب کسی لفظ میں نیچے لکھے حروف آئیں:

ا د ڈ ذ ر ڑ ز ژ و

تو ان حروف کے بعد کوئی بھی حرف بغیر ملائے ہوئے لکھا جائے گا۔ جیسے ''خوب'' اور ''فرش''، پہلے میں ''ب'' ''و'' سے الگ ہے اور دوسرے میں ''ش'' ''ر''

سے الگ ہے۔ اسی طرح اوپر لکھے حروف بھی اگر ایک ساتھ آئیں تو بھی الگ الگ لکھے جائیں گے۔ مثلاً اردو، درود۔

ایک ایک حرف کی کئی شکلیں ہوتی ہیں:

اردو تحریر میں الفاظ بناتے وقت شروع اور بیچ میں حروف پورے نہیں لکھے جاتے بلکہ ہر حرف کے لئے چھوٹا سا نشان (شکل) بنا دیتے ہیں۔ اخیر میں تمام حروف پورے لکھے جاتے ہیں، اسی طرح وہ حروف (ا، د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ، و) جس کی آخری شکل دوسرے حروف سے نہیں ملتی ہے خواہ بیچ یا شروع میں آئے، پورے لکھے جاتے ہیں، سوائے دال، ڈال اور ذال کے، جو درمیان اور آخر میں ملا کر لکھے جاتے ہیں، جیسے مدینہ، عقلمند، تعویذ۔ یاد رہے کہ رائے مشترک کی کتابت بغیر شوشہ کے ہوتی ہے، جیسے تعبیر، بحر، قصر، کروفر، اور ''د''، ''ڈ'' اور ''ذ'' شوشہ کے ساتھ جیسے بند، فرزند، تلمیذ۔ ''ط'' اور ''ظ'' بھی ہر جگہ پورا لکھا جاتا ہے۔

باسے ثا تک	:	با / ب / بہ	جیم سے خا تک	:	جـ جـہ
س، ش	:	سـ سـہ	ص، ض	:	صـ صـہ
ع، غ	:	عـ ـعـ	ف، ق	:	فـ ـفـ
ک، گ	:	کـ کا	ل	:	لـ
م	:	مـ	ن	:	نـ ـنـ
ہ	:	ہا ہـ	ی	:	یـ ـیـ

وہ الفاظ جن کے درمیان الف لام آتا ہے:

جب ''الف لام'' درمیان میں آئے تو کبھی پڑھا جاتا ہے اور کبھی نہیں، اگر الف لام حروف قمری سے پہلے ہے تو لام پڑھا جاتا ہے، اور اگر حروف شمسی سے پہلے ہے تو لکھا جائے گا، پڑھا نہیں جائے گا۔ حروف قمری چودہ ہیں، جن کا مجموعہ ''ابغ حجک وخف عقیمہ''

(اب غ ح ج ک و خ ف ع ق ی م ہ) ہے، اس کے علاوہ حروف شمسی ہیں۔ جیسے

دارالاسلام حکیم الامت حکیم الاسلام دارالاشاعت علی الاعلان

عیدالاضحیٰ واجب الاحترام بین الاقوامی نورالایضاح شفیع الامم

نورالانوار بالارادہ ترویح الارواح دارالامان حتی الامکان

فصیح البیان عبدالباری اسداللہ الغالب عبدالغنی فی الحال

عبدالحیٔ عبدالحق دارالحکومت راقم الحروف علی الحساب

بالجزم عبدالجلیل جواب الجواب بالجبر ذوالجلال

بالکل فی الوقت حتی الوسع بالخصوص عبدالخالق

خاتمہ بالخیر تمت بالخیر فی الفور عیدالفطر بالفعل

بالفرض ندوۃ العلماء بالعموم اولوالعزم دارالعلوم

جامع العلوم عزیزالقدر بالقصد شقی القلب جلیل القدر

عبدالقادر بالیقین طویل الید ذوالمجد والکرم بیت المال

حتی المقدور عبدالمطلب بوالہوس صاحب الذکر غبی الذہن

عبدالرزاق ہارون الرشید خلیفۃ الزماں عدیم الزوال علیہ السلام

راقم السطور دارالسلطنت عظیم الشان رفیع الشان عبدالشکور

بالشر علی الصبح بالصواب بالضرور جبل الطارق

میزان الطب وسیلۃ الظفر عبدالدیان ذوالنورین بالدوام

بالترتیب نجم الثاقب قائم اللیل نصف النہار دارالافتاء

دارالقضاء

☆☆☆

وہ الفاظ جن میں واو نہیں پڑھا جاتا ہے:

''واو'' کبھی لکھا جاتا ہے مگر پڑھا نہیں جاتا۔ ایسے ''واو'' کو ''واو معدولہ'' کہتے ہیں ''واو معدولہ'' سے پہلے ''خ'' ضرور ہوتا ہے۔ اور عام طور پر اس ''واو'' کے بعد نیچے لکھے حروف میں سے کوئی ایک ہوگا۔

ا د ر ز س ش ن ہ ی

مثال کے طور پر:

خواب	بدخواہ	خونخوار	خوابیدہ	خوانچہ
خواہش	خدانخواستہ	ناخواندہ	خواستگار	شیرخوار
خواہاں	خویش	فاتحہ خوانی	قرآن خوانی	خواجہ
نعت خواں	غم خوار	دسترخوان	غزلخواں	قرض خواہ
خیرخواہ	درخواست	ذلیل وخوار	خوابگاہ	ناخواندگی
تنخواہ	خواہ مخواہ	خواہر		

☆☆☆

وہ الفاظ جن میں واؤ اور ہمزہ لکھا جاتا ہے مگر ہمزہ پڑھا جاتا ہے:

مؤثر	مؤقر	مؤنث	مؤاخات	مؤرخ
مؤید	مؤافق	مؤلف	مؤکد	مؤاخذہ
مؤسس	مؤرخہ	مؤخر	مؤذن	مؤدب

وہ الفاظ جن کے آخر میں ''ی'' لکھی جاتی ہے۔ اور اس پر الف مقصورہ ہوتا ہے:

مولیٰ	مصطفیٰ	موسیٰ	عیسیٰ	مرتضیٰ

مجتبیٰ اعلیٰ دعویٰ کبریٰ ادنیٰ

مثنیٰ تقویٰ صغریٰ سلمیٰ بشریٰ

منادیٰ طوبیٰ وسطیٰ عقبیٰ حسنیٰ

شوریٰ اقصیٰ اولیٰ حبلیٰ فتویٰ

یحییٰ حتیٰ الیٰ علیٰ ☆

وہ الفاظ جو ''آباد'' سے مرکب ہیں:

مرادآباد سکندرآباد الہ آباد اورنگ آباد

فیروزآباد جہاں آباد تغلق آباد محمدآباد

محمودآباد غازی آباد قادرآباد شکوہ آباد

مرشدآباد انیس آباد معین آباد فیض آباد

وہ الفاظ جن پر تنوین ہوتی ہے اور نون پڑھا جاتا ہے:

مثلاً اصلاً لازماً عملاً یقیناً مجبوراً

خالصۃً فوراً تقریباً خصوصاً عموماً اتفاقاً

احتیاطاً عقیدۃً جواباً اوّلاً ابتداءً تبرکاً

برکۃً عادۃً فطرۃً اخلاقاً روایۃً درایۃً

حکایۃً رعایۃً عاریۃً ضرورۃً نسلاً بعد نسلٍ نسیاً منسیا

مشارٌ الیہ دفعۃً معاً عمداً سہواً جبراً

قہراً عداوۃً ایضاً وقتاً فوقتاً آناً فاناً

وہ الفاظ جن میں نون کو میم پڑھا جاتا ہے:

گنبد عنبر چنبیلی چنپا چنپت استنبول انبیاء

دنبہ شنبہ منبع منبر استنباط انبوہ انبار

غلطیوں سے بچانے والے الفاظ

اس کے تحت س، ش، ص، ج، ز، ذ، ض، ظ، خ، کھ وغیرہ سے شروع اور ختم ہونے والے الفاظ آتے ہیں، ان پر قابو پانے سے لکھنے میں غلطیوں کے کم واقع ہونے کا امکان رہ جاتا ہے۔ اس لیے ہر ذیلی عنوان کے تحت نمونہ کے چند الفاظ لکھے گئے ہیں، باقی الفاظ بھی معلوم کر لیے جائیں، تو املاء کی کمی اچھی طرح دور ہو جائے گی۔

ایسے الفاظ جن کے شروع میں تا ہو (۱)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
تاج		تاریخ	
تازہ		تاکید	
تصویر		تعریف	
تقریر		تحریر	
تعلیم		تقدیر	قسمت
تلوار		تکرار	دُہرانا، جھگڑا
تہجّد		تہذیب	خوش اخلاقی
تقسیم		توفیق	ہمت، رہنمائی
تاخیر		تدبیر	علاج

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں تا ہو (۲)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
نعمت		مُدّت	زمانہ
بدعت	دین میں نئی بات	محبت	
تجارت		محنت	
عزت		رحمت	
حالت		عورت	
نفرت		نصیحت	
شریعت	خدائی قانون	دولت	
حکومت		حضرت	عزت کا لقب
وقت		عادت	
حقیقت		دوست	
تربیت		تلاوت	
شرافت		عداوت	دشمنی

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ط ہو (۳)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
طوفان		طریقہ	
طُور	پہاڑ کا نام	طمانچہ	تھپڑ
طواف	چکر لگانا	طاق	
طوطا		طوائف	ناچنے گانے والی عورت

طُوبیٰ	خوشخبری	طور طریقہ	
طے	فیصلہ	طلبہ	
طعنہ	آواز کسنا	طلاق	
طغرا	نشانی	طشت	تھال
طرز	طریقہ	طرف	
طبیعت		طبیب	
طبقہ	درجہ	طاقت	
طاعون	ایک خطرناک بیماری	طالب علم	
طنز	طعنہ	طُرّہ	پگڑی کے اوپر کا پُھندنا

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ط ہو (۴)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
خط		احتیاط	بچاؤ
مُحتاط	احتیاط کیا ہوُا	شرط	
لُوط	ایک نبی کا نام	غلط	
ربط	تعلق	مضبوط	
مربوط	بندھا ہوُا	فرط	زیادتی
ضبط	روک، پابندی	اختلاط	میل، ملاپ
مُنضبط	مضبوط کرنیوالا	مخلوط	ملا جلا
مشروط	شرط کیا گیا	اِفراط	زیادتی
خلط ملط	میل جول	تفریط	کمی کرنا

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ث ہو (۵)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
ثاقب	چمکدار	ثُریا	ستارہ
ثابت	مضبوط، قائم	ثروت	دولتمندی
ثواب		ثِقل	بوجھ
ثالث	تیسرا	ثمرہ	حاصل
ثانوی	سکنڈری، دوسرے والا	ثقافت	تہذیب
ثانی	دوسرا	ثور	مکہ کے ایک پہاڑ کا نام
ثانیہ	سیکنڈ	ثیبہ	شادی شدہ عورت
ثبوت	دلیل	ثقیل	بھاری
ثَبات	قیام	ثُمن	آٹھواں حصہ
تثلیث	تین حصوں میں تقسیم کرنا	ثَمن	قیمت
ثنا	تعریف	ثمر	پھل

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ث ہو (٦)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
عبث	بیکار	لاوارث	جس کا کوئی مالک نہیں
باعث	وجہ	حدث	وضو کا ٹوٹنا
شیث	نبی کا نام	ثُلث	تہائی حصہ

غوث	بڑے پیر کا لقب	مثلث	تین کونہ
محدّث	حدیث بیان کرنیوالا	مؤنث	
محدث	بے وضو	خبیث	بُرا
مبعوث	بھیجا گیا	لوث	عیب، داغ
وارث	مردے کے مال کا حق دار	حدیث	
غیاث	فریاد سننے والا	تثلیث	تین حصوں میں تقسیم کرنا

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ج ہو (۷)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
جلسہ		جامعہ	
جاہل		جائز	
جنگل		جُغرافیہ	ایک علم کا نام
جزیرہ	وہ خشکی جس کے چاروں طرف پانی ہو	جلدی	
جماعت		جمعرات	
جہاد	دین کی حمایت کے لیے ہتھیار اٹھانا	جُہاز	
جَلوہ	دوسروں کو دکھانا	جمہوریت	عوام کی چنی ہوئی حکومت
جنوری		جنون	پاگل پن

جُمعہ	جدید
جمال	جمیل
جسم	

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ج ہو (۸)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
رَواج	رسم	رائج	عام
علاج		عُروج	بلندی
حرج	نقصان	سورج	
مَوج	جوش	آج	
مزاج		معراج	رسول خدا کا آسمان پر جانا
تدریج	آہستہ آہستہ	مخرج	نکلنے کی جگہ
حج		فوج	
سماج		کالج	
اِندراج	داخل کرنا	فالج	بدن کا سُن پڑ جانا
اِخراج	نکالنا	مُحتاج	ضرورت مند
مفلوج	فالج کا مریض	یاجوج	وہ جھگڑالو قوم جس کا
حُجاج	حاجی کی جمع	ماجوج	ذکر قرآن میں ہے

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ز ہو (۹)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
زینت	خوبصورتی	زیور	
زُہد	پرہیزگاری	زَحمت	تکلیف
زبردست		زکوٰۃ	
زُکام	ایک بیماری کا نام	زخم	
زلزلہ		زمانہ	
زمین		زِنا	
زنجیر		زندگی	
زندہ		زَوال	نقصان
زہر		زمزم	
زُلف	بالوں کا لچھا	زیارت	کسی چیز کا دیکھنا
زعفران	ایک قسم کا خوشبودار پھول		

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ز ہو (۱۰)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
جہیز		اعجاز	معجزہ، کرشمہ
اِعزاز	عزت	امتیاز	فرق
عزیز	پیارا	نماز	
سرفراز	ممتاز، سربلند	آغاز	شروع

فیروز	کامیاب	حجاز	عرب کے ایک علاقہ کا نام
انگریز		معزّز	عزت دار
پرہیز		جہاز	
عاجز		جائز	
انداز		آواز	
پرواز	اُڑان	مُمتاز	چُنا گیا

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ح ہو (۱۱)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
حرف		حُور	جنت میں نیک لوگوں کی خدمت گار عورت
حال		حرام	
حلال		حساب	
حد	کنارہ	حدیث	
حاجی		حقیقت	اصلیت
حیثیت	رُتبہ	حفاظت	
حافظ	جسے قرآن یاد ہو	حیرت	تعجب

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ح ہو (۱۲)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
رُوح		نوح	نبی کا نام

صحیح		مزاح	ہنسی مذاق
شرح	کھول کر کہنا	فصیح	خوش بیان
صبح		نکاح	
تسبیح		مسح	
ناصح	نصیحت کرنیوالا	واضح	صاف، ظاہر
ممدوح	جس کی تعریف کی جائے	تفریح	ہواخوری
ملّاح	ناؤ چلانیوالا	سطح	کسی چیز کا اوپری حصہ
افتتاح	شروع کرنا	مُباح	جائز
اِصلاح	ٹھیک کرنا	سیّاح	ملکوں کی سیر کرنیوالا
تراویح	ایک نماز	توضیح	کھول کے بیان کرنا

ایسے الفاظ جن کے شروع میں خ ہو (۱۳)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
خُدا		خاتون	معزز عورت
خادم		خالد	
خالق	پیدا کرنیوالا	خالص	اصل، کھرا
ختنہ		خدمت	
خدیجہ	محمدؐ کی بیوی کا نام	خُرافات	فضول، بکواس
خبیث	ناپاک	خاندان	
خانقاہ		خُلاصہ	

خلافت	قائم مقامی	خلیفہ	نبی کا جانشیں
خَمیازہ	بدلہ	خُطیب	مقرر
خاصیت	عادت، مزاج	خزانچی	خزانہ کا نگراں
خزانہ			

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں خ ہو (۱۴)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
مطبخ	باورچی خانہ	منسوخ	رد کیا گیا
سُرخ	لال	تاریخ	
دوزخ		شُوخ	تیز، بے باک
شیخ		سُوراخ	
فَراخ	کشادہ	رُسوخ	اعتماد
گُستاخ	بے ادب	شاخ	ٹہنی
مِرّیخ	ستارہ کا نام	بلخ	شہر کا نام
راسخ	مضبوط	میخ	کیل، کھونٹی
چیخ	شور	رُخ	جانب
مؤرِّخ	تاریخ لکھنے والا	سلاخ	لوہے کی کڑی

کھ سے شروع ہونیوالے الفاظ (۱۵)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
کھانسی		کھاد	دوا جو کھیت میں ڈالتے ہیں

کھادی	کھدر	کُھجلی	مشہور بیماری
کھیل		کُھچڑی	
کھٹل		کھیت	
کھال		کھانا	
کھاتا	حساب کی کتاب	کھلاڑی	
کھوپڑی	سر کے اوپر کا حصہ	کُھیرا	پھل کا نام
کھپرا	مٹی کا ٹھیکرا	کھلبلی	
کھمبا	کھاٹ	کھٹا	
کھیر	ایک لذیذ کھانا	کھیپ	مرتبہ

کھ پر ختم ہونیوالے الفاظ (۱۶)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
لاکھ		ساکھ	اعتبار
راکھ		دیکھ	
سِکھ	مذہب کا نام	سُکھ	
لیکھ	لکیر	دُکھ	
کوکھ	پیٹ	آنکھ	
لِکھ		پنکھ	پَر

ایسے الفاظ جن کے شروع میں س ہو (۱۷)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
سُبحان	خداوند پاک	سُفیان	نام آدمی کا

سُرور	سردار	سُلطان	بادشاہ
سوموار		سخت	
سونا		سجدہ	
سماج		سورج	
سوال		سانپ	
سمندر		سلام	
سیرت	عادت	سیلاب	
سبزی		سورہ	

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں س ہو (۱۸)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اجلاس	جلسہ	مجلس	بیٹھنے کی جگہ
درس	سبق	پچاس	
پیاس		لباس	کپڑا
افسوس		جاسوس	مُخبر
پریس	چھاپہ خانہ	جُلوس	بہت سے لوگوں کا اکٹھا ہو کر چلنا
پولیس		مایوس	ناامید
مقدّس	پاکیزہ	شمس	سورج

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ش ہو (۱۹)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
شادی		شریف	
شاخ	ٹہنی	شاعر	
شام		شبنم	
شراب		شرط	
شرمندہ		شعبان	مہینہ کا نام
شُعلہ	آگ کی لپٹ	شُعور	عقل، سلیقہ
شکار	جانوروں کا مارنا	شور	
شہادت	گواہی، راہ خدا میں جان دینا	شہید	راہ خدا میں جان دینے والا
شروع		شوق	

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ش ہو (۲۰)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
پرورش	پالنا	گذارش	
سفارش	پیروی	خواہش	
نُمائش	دکھاوا	قُریش	قبیلہ کا نام
جوش		پیدائش	
تلاش		نوازش	مہربانی
فراموش	بھولا ہُوا	کوشش	

بارش		پیش	
ورزش	کسرت	ہوش	
شاباش		کاش	تمنااورافسوس کاکلمہ
بدمعاش		فرمائش	مانگ
کشمش	میوہ کانام	بخشش	انعام،معافی

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ص ہو (۲۱)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
صادق	سچا	صبر	برداشت
صحابہ	صحابی کی جمع	صدر	مجلس کاسردار
صورت		صلوٰۃ	
صابن		صغیر	چھوٹا
صالح	نیک	صاف	
صاحب		صُحبت	ساتھ
صحیفہ	کتاب	صدمہ	تکلیف
صُراحی	پانی رکھنے کابرتن	صندوق	
صحیح		صحرا	جنگل
صلاحیت	لیاقت،سمجھ	صحت	تندرستی
صدا	آواز		

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ص ہو (۲۲)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
اِخلاص	بے ریا	خُلوص	بے دکھاوا
مُخلص	خالص، سچا	نَقص	عیب
حفص	قرأت کے امام کا نام	خاص	
قِصاص	بدلہ	مخصوص	خاص
رَقص	ناچ	مُختص	خاص کیا گیا
تلخیص	خلاصہ	ناقص	ادھورا
شخص		تخصیص	محفوظ کرنا
خالص	اصل	حریص	لالچی

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ذ ہو (۲۳)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
ذات		ذائقہ	مزہ
ذبح		ذخیرہ	خزانہ
ذرا		ذرّہ	تھوڑا
ذریعہ		ذکر	
ذلّت	رُسوائی	ذلیل	رسوا
ذمہ دار		ذہین	
ذوق		ذیابیطس	مشہور بیماری کا نام

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ذ ہو (۲۴)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
لذیذ	مزیدار	مُحاذ	مقابلہ کی جگہ
تعویذ		نَبیذ	تازہ پھلوں کا رس
نَفاذ	جاری ہونا	نُفوذ	اندر گھسنا، جاری ہونا
مَعاذ	صحابی کا نام	تعوُّذ	اعوذ باللہ کہنا
نافذ	جاری	ماخذ	وہ جگہ جہاں سے کچھ نکلے
ماخُوذ	پکڑا ہوُا	اَخذ	لے لینا
کاغذ		شاذ	انوکھا
تلمیذ	شاگرد	تلمُّذ	شاگرد بننا

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ض ہو (۲۵)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
ضابطہ	قانون	ضامن	ذمہ دار
ضائع	بے فائدہ	ضد	ہٹ دھرمی
ضرورت		ضروری	
ضعیف	کمزور	ضُعف	کمزوری
ضعیفی	کمزوری، بڑھاپا	ضعیفہ	بوڑھی عورت
ضلع	حاکم ضلع کا صدر مقام	ضبط	روک
ضمانت	ذمہ داری	ضمیر	دل، پوشیدہ

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ض ہو (۲۶)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
فیض	فائدہ	حیض	ماہواری خون
قبض	قابو	نواقض	وضوتوڑنیوالے
نبض	کلائی کی رگ جو دھڑکتی رہتی ہے	مقروض	جس پر قرض ہو
قرض	اُدھار	مقراض	قینچی
غرض	مقصد	فرض	
مرض	بیماری	مریض	بیمار
محض	صِرف	بُغض	
بعض	متعدد	عروض	نظم کے قاعدے
خوض	سوچ، فکر	حوض	پانی جمع کرنے کا گڑھا
مَبغوض	قابل نفرت	نقض	توڑنا، پھوڑنا

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ظ ہو (۲۷)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
ظالم	ناانصافی کرنیوالا	ظاہر	
ظرف	برتن	ظلم	بے انصافی
ظن	گمان	ظُہر	نماز کا وقت
ظہرانہ	دوپہر کا کھانا	ظِہار	ایک قسم کی طلاق
ظہور	اظہار	ظفر	کامیابی

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ظ ہو (۲۸)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
وعظ	تقریر	واعظ	تقریر کرانیوالا
لحاظ	شرم	لفظ	
ملفوظ	جو پڑھنے میں آئے	ملحوظ	خیال کیا گیا
غیظ	غصہ	غلیظ	گاڑھا
حافظ		حفظ	
محفوظ		حفیظ	
تقریظ	کتاب اور مصنف کی تعریف		

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ع ہو (۲۹)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
عادل	انصاف کرنیوالا	عِرفان	پہچان
عائشہ	محمدؐ کی زوجہ کا نام	عیسیٰ	نبی کا نام
عمارت	بلڈنگ	عالَم	دنیا
علم		عید	تہوار کا نام
عزت		عدالت	کچہری
عورت		عذاب	دُکھ
عِبرت	نصیحت	عزیز	پیارا
عاشق	محبت رکھنے والا	عِشق	محبت

علاج		عمارت	
علیل	بیمار	عربی	
عقیدہ	دل میں جما ہوا یقین	عابد	عبادت کرنیوالا

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ع ہو (۳۰)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
شروع		شَرع	قانون محمدی
نفع	فائدہ	رفع	اٹھانا
اِجتماع	مجمع، بھیڑ	ضلع	
رکوع		رُجوع	لوٹنا
واقع		جامع	جمع کرنیوالا
طُلوع	اُگنا	نافع	فائدہ دینے والا
منع	روکنا	رُبع	چوتھائی

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ق ہو (۳۱)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
قُدرت	طاقت	قانون	
قرآن		قاری	
قافلہ	مسافر کی جماعت	قسمت	
قاعدہ	قانون	قدم	
قَرار	سکون	قیمت	
قبر		قبض	قابو

قلم		قلعہ	بادشاہ کے رہنے کی محفوظ عمارت
قوّت	طاقت	قول	بات
قوم	آدمیوں کی جماعت	قہقہہ	زور سے ہنسنا
قطرہ	پانی کی بوند	قرض	
قریب		قلع	گرانا
قیامت			

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ق ہو (۳۲)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
شوق		ذَوق	
بُراق	چوپایہ جس پر محمدؐ معراج گئے	فاسق	گنہگار
اخلاق	پسندیدہ عادتیں	مشرق	پورب
نِفاق	ظاہر میں دوستی باطن میں دشمنی	ورق	کاغذ
مُنافق	نفاق رکھنے والا	بندوق	
رزق		عرق	پسینہ
حق		رفیق	
شفیق	مہربان	تحقیق	اصلیت معلوم کرنا
طاق		فرق	

طلاق	عورت کا نکاح سے آزاد ہونا

ایسے الفاظ جن کے شروع میں ک ہو (۳۳)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
کتاب		کباب	
کاغذ		کانفرنس	مشورہ کی مجلس
کسان		کرامت	بزرگی
کربلا	جگہ کا نام	کافر	خدا کا انکار کرنیوالا
کبوتر		کیلا	پھل
کرشمہ	حیرت میں ڈالنے والی بات	کفن	مُردوں کا کپڑا
کمال		کعبہ	خدا کا پہلا گھر
کرم		کشف	غیب کی باتوں کا اظہار
کاپی		کریم	مہربان
کلیم	بات کرنیوالا	کثرت	زیادتی، بھیڑ

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں ک ہو (۳۴)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
ایک		نیک	
مسواک		مبارک	بابرکت
سُلوک	رویہ، برتاؤ	پاک	

شک		نمک	
مالک		مہک	
سلوک		خوراک	
سڑک		مُلک	
ہلاک	قتل	شریک	ساجھی

ایسے الفاظ جن کے شروع میں غ ہو (۳۵)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
غار	پہاڑ کی کھوہ	غارت	لُوٹ کھسوٹ
غازی	مسلمان بہادر	غاصب	حق چھیننے والا
غائب		غالب	
غالیچہ	قالین	غُبار	گرد
غَبن	امانت میں خیانت	غَدر	بغاوت
غدّار	دغاباز	غِذا	خوراک
غَرارہ	حلق میں پانی ڈال کر صاف کرنا	غرض	
غرق		غرور	
غریب		غزل	نظم کی ایک قسم
غزالہ	ہرن کا مادہ بچہ	غزوہ	دینی جنگ
غُسل	نہانا	غَصب	خیانت
غفلت	بھول چوک	غُل	شور

غِلاظت	گندگی	غِلاف	خول
غُلام	پیسہ سے خریدا نوکر	غلط	
غلّہ	دانہ	غم	
غُنچہ	پھول کی کلی	غنڈا	بدمعاش
غنیمت	مفت میں ملی ہوئی چیز	غوث	ولایت کا ایک درجہ
غور		غوطہ	پانی میں ڈوبنا
غیب	پوشیدہ بات	غیبت	کسی کے پیچھے برا کہنا
غَیرت	شرم، حیا	غَیُور	بہت غیرت والا
غیظ	سخت غصہ	غصہ	

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں غ ہو (۳۶)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
چراغ		سُراغ	پتہ، نشان
تیغ	تلوار	باغ	
بالغ	جوان	بُلوغ	جوانی
اِبلاغ	پہنچانا	بلیغ	موقعہ کے مطابق گفتگو کرنیوالا
مُرغ		دَریغ	افسوس
فُروغ	چمک، دمک	فراغ	فرصت
دَروغ	جھوٹ	زاغ	کوّا
دماغ		داغ	

ایسے الفاظ جن کے شروع میں گ ہو (۳۷)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
گاجر	ایک پھل	گاؤں	
گاڑی		گالی	
گائے		گرم	
گذر		گُستاخ	بے ادب
گُلاب	پھول کا نام	گُلزار	پھلواری
گُناہ	قصور، پاپ	گُنبد	
گنگا		گود	
گوشت		گھاس	
گھوڑا		گوہر	موتی
گوبر		گردن	

ایسے الفاظ جن کے اخیر میں گ ہو (۳۸)

الفاظ	معانی	الفاظ	معانی
لوگ		بزرگ	
رنگ		آگ	
لونگ		ساگ	
سُرنگ	زمین کے اندر کا راستہ	زَنگ	لوہے کا میل
جنگ	لڑائی	اُمنگ	جوش
سُوگ	ماتم	ٹانگ	پیر
روگ	بیماری	پلنگ	

مذکر مؤنث کی پہچان کیسے کریں

جانداروں کی تذکیر وتانیث حقیقی کہلاتی ہے، اور بے جانوں کی تذکیر وتانیث غیر حقیقی، تذکیر وتانیث حقیقی کی مثالیں یہ ہیں۔

مذکر کے لیے	مؤنث کے لیے	مذکر کے لیے	مؤنث کے لیے
دولہا	دولہن	تیلی	تیلن
سسر	ساس	حلوائی	حلوائن
راجہ	رانی	بھنگی	بھنگن
خان	خانم	حاجی	حجن
بیگ	بیگم	شیر	شیرنی
خادم	خادمہ	مور	مورنی
مَلِک	مَلکہ	استاد	استانی
شاعر	شاعرہ	اونٹ	اونٹنی
دھوبی	دھوبن	ہاتھی	ہتھنی
کتا	کتیا	چڑا	چڑیا
بندر	بندریا		

کچھ جاندار دونوں شکل میں مذکر استعمال ہوتا ہے۔ جیسے

کوّا، الو، مگرمچھ، مچھر، کھٹمل

بچھ دونوں صورت میں مؤنث استعمال ہوتا ہے۔ جیسے

مچھلی، چیل، فاختہ، لومڑی

مذکر غیر حقیقی کی پہچان کے کچھ عمومی قاعدے

۱۔ الف اور ہ اگر اخیر میں ہو تو عام طور پر مذکر ہوگا، جیسے دریا، ڈنڈا، روپیہ، پیسہ وغیرہ، مگر دعاء، قضا، مرتبہ اور دفعہ وغیرہ مؤنث استعمال ہیں۔

۲۔ کدہ، دان، خانہ، سار، ستان، زار اور بار سے مرکب الفاظ مذکر ہوتے ہیں۔ جیسے بت کدہ، میکدہ۔ قلمدان، روشندان، اگالدان۔ کتب خانہ، عجائب خانہ، شفا خانہ۔ کوہ سار، شاخسار۔ ریگستان، پرستان، قبرستان۔ گلزار، سبزہ زار، لالہ زار۔ دربار وغیرہ۔

۳۔ فارسی کا دو امر ایک ساتھ ہے تو مذکر ہوگا۔ جیسے: پیچ و تاب، پیچ و خم، خورد و نوش، بوس و کنار، ساز باز، سوز و گداز وغیرہ، مگر تگ و دو، تراش و خراش اور دار و گیر مؤنث ہیں۔

۴۔ اِفعال کے وزن پر مذکر آتا ہے۔ جیسے احسان، انعام، اقرار، احساس، اخلاص، الزام وغیرہ، مگر اصلاح، امداد اور ایجاد مؤنث استعمال ہیں۔ افتعال کے وزن پر بھی مذکر بولا جاتا ہے، جیسے انتظام، اجتہاد، اختلاف وغیرہ، مگر ابتداء، انتہاء، التجا، اقتدا، التماس، التفات، اطلاع، اصطلاح، اور اکتفاء مؤنث استعمال ہیں۔ انفعال اور استفعال کے وزن پر مذکر ہوتا ہے، جیسے انقلاب، انہدام، انکشاف۔ استقبال، استعمال، استنجاء، استہزاء، مگر انبساط، استعداد، استدعاء، مؤنث استعمال ہیں۔ تفاعل، تفعّل، تفعِلہ، فِعال اور مفاعلہ کے وزن پر مذکر آتا ہے، جیسے تعارف، تقابل، تصادم۔ تصوف، تامل، تمدن۔ تجربہ، تزکیہ، تذکرہ۔ جہاد، قتال، حساب، نکاح۔ مقابلہ، معاملہ، مشاعرہ وغیرہ، مگر تواضع، توقع، توجہ، تہجد، نزاع، ریا، لقا مؤنث استعمال ہیں۔

مؤنث غیر حقیقی کی پہچان کے چند قاعدے

۱۔ گول ی اور لمبی ت مؤنث کی پہچان عام طور پر ہے، جیسے: لکڑی، چینی، عزت،

رخصت وغیرہ، مگر پانی، موتی، درزی، گھی، دہی، شربت اور حضرت مذکر استعمال ہیں۔

۲۔ جس کے آخر میں گاہ آئے، وہ الفاظ مؤنث ہیں، جیسے عیدگاہ، درگاہ، شرمگاہ، خواب گاہ وغیرہ۔

۳۔ مفاعلت لمبی تا کے ساتھ اور تفعیل کے وزن پر آنیوالے الفاظ مؤنث ہیں، جیسے: مخالفت، مداخلت، مناسبت۔ تعریف، تحریر، تقریر، اور تشریف وغیرہ، مگر تعویذ مذکر استعمال ہے۔

۴۔ ایک ساتھ فارسی کا دو ماضی مؤنث استعمال ہے، جیسے: آمد آمد، آمد ورفت، شد بد، خرید وفروخت، گفت وشنید، شکست وریخت، نشست وبرخاست، نوشت وخواند۔

۵۔ اردو کا دو امر ایک ساتھ مؤنث استعمال ہے، جیسے: اچھل کود، الٹ پلٹ، بول چال، بھول چوک، پوچھ گچھ، چھیڑ چھاڑ، چیر پھاڑ، دیکھ بھال، روک تھام، ڈانٹ ڈپٹ، روک ٹوک، لوٹ مار، ریل پیل، لے دے، مار دھاڑ، جھاڑ پھونک، تاک جھانک، بک بک، جھک جھک، وغیرہ۔

متفرق مشکل ہجے والے الفاظ:

الحمدللہ	بحمداللہ	رحمۃللعالمین	یٰس	فرنیچر	منجر
دستخط، نب	ریہرسل	ریزگاری	اسبغول	ٹکورا	اَنتر دیسی
بی بی	بیوی	اسٹیج	شکرپارہ	موسر	اکھلی
پیک	اسٹیٹ	قبالہ	خول	ازار بند	قصاب
معطل	تنور۔تندور	شلوار	ساس پین	سلاد	مارکیٹ
دیگ۔دیگچی	سابودانا	ساگودانہ	صلوٰۃ	بڑھئی	طغرا
سانولا	زکوٰۃ	گلوبند	جزدان	کھراون	بھادوں
قرأت	گلوکار	پوٹلی	قعب، قاب	بیعانہ	برقع

سائیکل	مدعی	کرفیو	کالونی	منافع	لقوہ
ایرنگ	مدعاعلیہ	طشت	الوداع	بویام	استعفیٰ
انتالیس	طلبہ	قورمہ	کھاتاخسرہ	تیج پات،تیزپات	بیالیس
اقوام متحدہ	کافی	ڈربہ	مسلہ۔ مصالحہ	بانوے	کانفرنس
آئس کریم	قرقی ضبطی	دارچینی	مساۃ	سینکڑوں	جمپر
گھڑونچی	پلول،پرول	بھاوج	سیکڑوں	بلاؤز	باؤلا
خچر	مغالطہ	قیف	سگریٹ	جعلی	نعش،
سور	قئی	نزلہ	ناشپاتی	مجذوب	نسیاًمنسیا
قمیص	ملیریا	لیموں	دفعہ	نشاۃ ثانیہ	ساڑھی ساڑی
ٹائفائیڈ	سنگترہ،سنترہ	موزوں	رقعہ	ڈیسک	طاعون
کروندا	صفحہ	معجّل	بواسیر	ہیضہ	سونف
عمامہ	مؤجل	قطعہ	کوڑھ	اجوائن	فتویٰ
مونگ پھلی	ڈراپر	زکام	شکرقند	قلعہ	موازنہ
بالٹی	موتیابند	چقندر	مسئلہ	کبڑا	قالین
قبض	گوبھی	ذائقہ	صوفہ	چیونٹی	دھواں
شوربہ	گیرج	انٹرویو	طوطا	رِبن	بھنویں
پروپیگنڈہ	جائیداد	پاجامہ	چمگادڑ	شائع	نمائندہ
پندرھواں	کنواری	ازدحام	الائچی	معائنہ	کچھوا
کنواں	دوشیزہ	فالج	بھینس	قلع قمع	علیحدہ
معاملہ،خوردہ	کمبل	اژدہام	کافور	واقعہ	خردہ

انگریزی کے وہ الفاظ جو اردو میں مستعمل ہیں:

ری ایکشن　اسٹو　ریٹائرڈ　ائرپورٹ　ساؤنڈ بکس

یونیورسٹی　ٹرانسفارمر　گورنمنٹ　ہاسپٹل　اناؤنسر،الاؤنسر

پارلمینٹ　جنریٹر　ساکٹ　ریزرویشن　اسپیڈ

پن کوڈ　ٹفن کیریر　ہیلی کاپٹر　ایمرجنسی　پرائم منسٹر

لیٹرپیڈ　ویزا　واؤچر　ہائی الرٹ　اسٹینڈ

اسٹامپ پیڈ　تھرمامیٹر　ٹیپ ریکارڈ　فاؤنڈیشن　اسٹارٹ

پوسٹ کارڈ　بینک　ٹیلی ویژن　چیرمین　اسٹاف

منی آرڈرفارم　ڈرافٹ　بیرنگ　ٹیوب لائٹ　اسکالرشپ

سپریم کورٹ　اُورسیر　سائن بورڈ　ویب سائٹ　رنگ

رپورٹ　انجنئر　پیپرویٹ　آپریشن　اسٹوڈیو

انسپکٹر　کنڈکٹر　کمپیوٹر　لاؤڈاسپیکر　پوسٹ مارٹم

ٹریکر　کلکٹر　وسل　ورائٹی　وٹامن

تھرماس　پنکچر　بلیک بورڈ　اپلی کیشن　ڈرائیور

کیش میمو　منیجر　ایروگرام　وی پی　رپورٹر

کمپاؤنڈر　مکسچر　کلینک　انفارمیشن　ایڈیٹر

ٹیوب ویل　کرفیو　پاسپورٹ　انکوائری　لائبریری

سنگل　سرٹیفکٹ　ڈپلوما　ٹکنالوجی　فراک

سگنل　روٹین　بریکٹ　ارجنٹ　ڈکشنری

اسٹوو　لیٹرین　سپرنٹنڈنٹ　ریفریجرٹر　فرج۔فریج

پرنسپل	وادین	رجسٹرار	پولیس	فاؤنٹین پین
والنٹیئر	کالج	واشر	وارننگ	نائلان
مائیکروسکوپ	نب	کیپسول	نارمل	کانونٹ
میونسپلٹی	کارٹون	میوزیم	فٹ بال	مینی فیسٹو
ہومیو پیتھ	میمورنڈم	ڈپارٹمنٹ	میکنیک	ہائی کورٹ
میک اپ	ہارمونیم	مون سون	انسٹی ٹیوٹ	ٹی ٹی

متشابہ الفاظ

اردو میں تلفظ کے فرق سے معنیٰ بدل جاتا ہے۔اس لئے ث،س،ش،ص۔ج،ذ، ز،ظ۔ح،ہ،خ اور کھ بولتے اور لکھتے وقت تلفظ کا فرق ضروری ہے۔ذیل میں یہ فرق دکھایا گیا ہے۔

بحر	بڑادریا،شعرکاوزن	بہر	واسطے
اقل	بہت تھوڑا	عقل	دانائی،فہم،شعور
سحر	صبح،فجر	سہر	جاگنا
نسب	نسل،سلسلۂ خاندان	نصب	زبر،کھڑاکرنا،لگانا
عمارت	آبادی،بستی،مکان	امارت	دولت مندی،سرداری،حکومت
بے باق	کچھ باقی نہ ہونا،قرض سے سبکدوش	بے باک	بے خوف،نڈر،دلیر
ارب	سوکڑور	عرب	ملک عرب کا باشندہ، ایک ملک کا نام
آری	لکڑی چیرنے کااوزار	عاری	ننگا،برہنہ
باغ	گلزار،پھلواری	باگ	لگام

دِین	مذہب، مسلک	ڈین	قرض
خول	اوپر کا غلاف، نیام	کھول	بند کی ضد
راز	بھید، خفیہ یا پوشیدہ بات	راج	سلطنت، حکومت، گورنمنٹ
عزم	قصد، نیت	عجم	گونگا، عرب کے سوا کوئی ملک
بشر	آدمی	بصر	نظر، بینائی
بیگم	خاتون	بے غم	بے فکر
رقیق	پتلا، نرم، ملائم	رکیک	سست، نازک، ادنیٰ
کسرت	ورزش	کثرت	زیادتی، بہتات
سر	کھوپڑی، کسی چیز کا اوپری حصہ	شر	برائی، فساد
سکوت	خاموشی	سقوط	گر پڑنا، جنگ ہارنا
طارق	صبح کا ستارہ، رات کو چلنے والا	تارک	تیاگی، چھوڑنے والا
رجم	پتھر مار کر ہلاک کرنا	رزم	جنگ، معرکہ
بشارت	خوشخبری	بصارت	بینائی، آنکھ کی روشنی
صورت	شکل، چہرہ	سورت	قرآن مجید کا متعین حصہ
فعل	کام کاج، عمل	فیل	نامراد، گرا ہوا، ناکام
غول	گروہ	گول	مدور، فٹبال وغیرہ کھیلوں میں دونشانوں کے بیچ کی جگہ
غل	شور، ہنگامہ	گل	پھول، چراغ کی بتی کا جلا ہوا یا جلتا ہوا سرا
نقش	صورت شبیہہ، مورت	نقص	کوتاہی، کمی، کسر
سدا	ہمیشہ دائم، مسلسل	صدا	گونج، آواز، آہٹ

صفر	دوسرا قمری مہینہ جو محرم کے بعد آتا ہے	سفر	کوچ، روانگی
ثواب	نیک کام کا بدلہ جو دوسری دنیا میں ملے گا	صواب	نیک کام، درست کام
اسم	وہ کلمہ جس سے کسی شخص، جانور، جگہ یا چیز کو پہچانا جائے	اثم	گناہ، اخلاقی یا مذہبی جرم
شاخ	ٹہنی، ڈالی	ساکھ	اعتبار، بھرم
مامور	مقرر، متعین، حکم کیا گیا	معمور	بھرا ہوا، لبریز، آباد
موزہ	جراب، بوٹ	موضع	گاؤں، جگہ، ٹھکانا
جال	پھندا، دام	جعل	دھوکا، فریب، دغا
ہرم	انتہائی بڑھاپا	حرم	خانہ کعبہ کی چار دیواری، مکہ مکرمہ کے اردگرد متعین حلقہ
بعض	چند، متعدد، مختلف	باز	واپس، مکرر ایک شکاری پرندہ شکرا
باد	ہوا	بعد	پیچھے، آخر
خار	کانٹا، پھانس	خوار	ذلیل، رسوا، سرگرداں، پریشاں
داعی	دعا کرنے والا، دوسروں کو کسی کام کے لئے آمادہ کرنے والا	دائی	دودھ پلانے والی خادمہ دیہاتی نرس
راعی	چرواہا	رائی	ایک قسم کی سرسوں، ذرا سی مقدار
سلاح	لڑائی کے ہتھیار، اوزار	صلاح	نیکی، بھلائی، مشورہ
سماء	آسمان، فلک	سماں	کیفیت، عالم، رونق

لہجہ	تلفظ کلام، لے، سُر، طرز کلام	لحظہ	پل، لمحہ، دم بھر
نشر	اشاعت، پھیلاؤ، خبر مشہور کرنا	نثر	وہ عبارت جو منظوم نہ ہو، بکھرا ہوا
کھانا	خوراک، نوش کرنا	خانہ	گھر، آشیانہ
شراب	نشہ دار عرق رقیق چیز جو پی جائے	سراب	وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا نظر آتا ہو
جلیل	خدا تعالیٰ کا ایک صفاتی نام	ذلیل	رسوا، بدنام
حمزہ	شیر، ایک صحابی کا نام	ہمزہ	حروف ہجا کا ایک حرف
نظم	لڑی، موزوں کلام، انتظام	نجم	ستارہ، سیارہ
مکدر	گدلا، میلا، رنجیدہ، غمگین	مقدر	قسمت کا لکھا، وہ لفظ جو عبارت میں نہ ہو مگر اس کے معنی لئے جائیں
معجل	فوراً، جلد، ہاتھوں ہاتھ	مؤجل	مہلت دیا گیا، کسی وقت پر موقوف رکھا گیا
فاعل	کام کرنے والا	فائل	کاغذات کا مجموعہ جو سلسلہ وار اور تاریخ وار رکھا جائے
جسم	جسامت، موٹائی	ہضم	تحلیل، معدے میں کھانا پچنا
کھڑا	سیدھا، برقرار	کھرا	خالص، بے ملاوٹ، اچھا، عمدہ
اعزاز	عزت، مرتبہ، رتبہ	اعجاز	معجزہ، کرامت، کرشمہ
اظہر	خوب ظاہر، نہایت صریح اور واضح	ازہر	نہایت چمکیلا، مصر کی مشہور درسگاہ

روضہ	وہ مقبرہ جس پر گنبد بنا ہوا ہو	روزہ	صبح صادق سے لیکر غروب آفتاب تک کھانے پینے وغیرہ سے رکنا
سن	ایک پودا جس کی چھال سے رسیاں بنتی ہیں	سنہ	سال، برس
نظر	نگاہ، آنکھ	نذر	منت، صدقہ، تحفہ
عام	مشہور، معمولی	آم	ایک مشہور اور لذیذ پھل
نقطہ	بندی، صفر، مرکز	نکتہ	باریکی، تہہ کی بات
ابد	ہمیشگی، وہ زمانہ جس کی انتہا نہ ہو	عبد	بندہ، غلام
ارض	زمین، دھرتی	عرض	بیان، گذارش، چوڑائی
زن	عورت، بیوی	ظن	وہم، گمان، بہتان
کتب	کتاب کی جمع	قطب	زمین کے محور کے دونوں سرے، وہ وَلی جس کے سپرد کسی علاقے کا انتظام ہو
اقرب	بہت نزدیک	عقرب	بچھو، آسمان کا آٹھواں برج
اصرار	ضد، تاکید	اسرار	سر کی جمع، بھید
الم	رنج، غم، دکھ	علم	جھنڈا، خاص نام
برس	بارہ مہینے کی مدت	برص	کوڑھ
تابع	ماتحت، ملازم	طابع	چھاپنے والا
حامی	حمایتی، مددگار	ہامی	ہاں، اقرار، اثبات
عصر	زمانہ، وقت، دن کی آخری نماز غروب سے پہلے	اثر	سنت نبویؐ، تاثیر

لفظ	معنی	لفظ	معنی
قصر	محل۔ وہ نماز جو حالت سفر میں مقررہ رکعتوں سے کم پڑھی جاتی ہے۔	کسر	شکستگی، علم حساب میں اکائی کا ایک حصہ یا کئی حصے
قلب	دل، الٹا ہوا، فوج کا درمیانی حصہ	کلب	کتا
قمر	چاند	کمر	جسم کا درمیانی حصہ
کلی	غنچہ، بن کھلا پھول	قلی	بوجھ اٹھانے والا
نذیر	ڈرانے والا، رسول ﷺ کا لقب	نظیر	مانند، مثل
ہل	زمین جوتنے کا آلہ	حل	کھولنا، مشکل کام کو آسان کرنا
ہال	بڑا کمرہ	حال	موجودہ زمانہ، حالت
حاجی	وہ شخص جو مقررہ شرائط کے ساتھ کعبۃ اللہ کا حج کیا ہو	ہاجی	ہجو کرنے والا، منہ چڑھانے والا
مقرر	ٹھہرایا گیا، مامور	مکرر	دوبارہ، دوسری دفعہ
حشر	قیامت، روز حساب	حصر	گھیرنا، احاطہ کرنا
حجر	پتھر	حضر	اقامت، سفر کا متضاد
بازی	کھیل، تماشا	باجی	بڑی بہن، اپنے سے بڑی خاتون
باری	دفعہ، موقع، اللہ تعالیٰ کا ایک صفاتی نام	باڑی	رہنے کی جگہ، باغیچہ
منسوب	متعلق کیا گیا، جس سے منگنی ہو	منصوب	وہ حرف جس پر زبر ہو
مور	ایک خوبصورت رنگین پروں والا جانور	موڑ	گھماؤ، وہ جگہ جہاں سے راستہ مڑے
سب	گالی دینا، سارا، کل	شب	رات

سیر	سولہ چھٹانک یا اسی تولے کا وزن	شیر	باگھ (جانور)، بہادر
جلال	بزرگی، بڑائی، رعب داب	ضلال	گمراہی، تباہی
سال	برس، عمر، سنہ	شال	اون یا ریشم کی چادر
نہر	دریا کی شاخ	نحر	اونٹ کا ذبح کرنا، قربانی کرنا
فوج	سپاہ، لشکر	فوز	کامیابی، فتح
جہد	کوشش، دوڑ دھوپ	زہد	پرہیزگاری، تقویٰ
عمل	کام، کارروائی	امل	امید، آرزو
مزید	اضافہ، زیادتی	مجید	بزرگ، اسماء باری میں سے ایک نام
شک	شبہ، گمان	شق	دراڑ، شگاف
مشاہرہ	ماہوار تنخواہ، طلب، وظیفہ	مشاعرہ	شاعروں کا جمع ہو کر شعر خوانی کرنا

عربی کے وہ جملے جو کثرت سے بولے جاتے ہیں:

دَامَتْ بَرَکَاتُهُمْ	ان کی برکتیں باقی رہیں (بزرگوں کیلئے استعمال کیا جاتا ہے)
مَدَّفُیُوْضُهُمْ	ان کے فیوض عام ہوں۔
عَمَّ نَوَالُهُ	انکی عطا عام ہو
جَلَّ شَانُهُ	انکی شان عظیم ہو (اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)
تَبَارَکَ وَتَعَالیٰ	برکت والا اور بلند ہے
رَحْمَةُ اللّٰهِ عَلَیْهِ	ان پر اللہ کی رحمت ہو (بزرگوں کے نام کے ساتھ انتقال کے بعد استعمال ہوتا ہے)
رَبُّ الْعِزَّتِ	عزت کا مالک (اللہ تعالیٰ کے نام کے ساتھ)
مُحْتَرَمُ الْمَقَامِ	جگہ کے اعتبار سے احترام کے لائق
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	ساری تعریفیں اللہ کے لئے ہیں
رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ	اللہ ان سے راضی ہو (صحابہ کے نام کے ساتھ)
عَلَیْهِ السَّلَامُ	ان پر سلام ہو (انبیاء کے نام کے ساتھ)
عُفِیَ عَنْهُ	ان کی بخشش ہو
عَفَا اللّٰهُ عَنْهُ	اللہ ان کو معاف کرے
غُفِرَ لَهُ	ان کی معافی ہو
اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ	آپ پر سلامتی ہو
وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهُ	اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں

زِیْدَ مَجْدُہٗ	ان کی عزت میں اضافہ ہو، انکی بلندی میں زیادتی ہو
زِیْدَ لُطْفُہٗ	ان کی مہربانی بڑھ جائے
حَفِظَہُ اللّٰہُ	اللہ ان کو محفوظ رکھے
قُدِّسَ سِرُّہٗ	انکے راز کو بابرکت کیا جائے، انکے راستہ کو بابرکت کیا جائے (بزرگوں کے نام کے ساتھ انتقال کے بعد)
جَلَّ جَلَالُہٗ	اسکا مرتبہ بڑا ہے (اللہ کے نام کے ساتھ)
اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ	ہم سب اللہ ہی کے ہیں اور اللہ ہی کی طرف ہم سب لوٹ کر جائیں گے
نَوَّرَاللّٰہُ مَرْقَدَہٗ	اللہ ان کی قبر کو روشن کرے (بزرگوں کے نام کے ساتھ)
بَارَکَ اللّٰہُ	اللہ برکت دے
سَلَّمَہُ اللّٰہُ	اللہ انکو سلامت رکھے
عَلَیْہِ الرَّحْمَۃ	ان پر رحمت ہو
جَزَاکَ اللّٰہُ	اللہ تم کو بدلہ دے
مَدَّظِلُّہُ الْعَالِیْ	ان کا بلند سایہ وسیع ہو
عَزَّاِسْمُہٗ	انکا نام غالب ہے
سُبْحَانَ اللّٰہِ	اللہ کی تسبیح بیان کرتا ہوں
وَالسَّلَامُ	اور سلامتی ہو
بِاِسْمِہٖ تَعَالٰی	اس اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بلند ہے
اَمَّابَعْدُ	حمد و درود کے بعد، بعد ازاں
وَمَاعَلَیْنَا اِلَّاالْبَلَاغُ	ہمارے ذمہ صرف پہونچا دینا ہے
وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِالصَّوَابِ	اللہ تعالیٰ درست بات کو زیادہ جاننے والا ہے

وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ   ہماری آخری پکار یہ ہے کہ تمام تعریفیں اسی اللہ کیلئے ہیں جو سارے جہاں کا پروردگار ہے۔

وَمَا تَوْفِيْقِيْ إِلَّا بِاللّٰهِ   مجھ کو توفیق اللہ ہی کی جانب سے ملی ہے۔

دَامَ اِقْبَالُهٗ   اس کا اقبال باقی رہے

صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ   اللہ بزرگ و برتر نے سچ فرمایا

اِنْ شَاءَ اللّٰهُ   اگر اللہ چاہے، اگر اللہ نے چاہا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ   اللہ تعالیٰ کی ان پر رحمت وسلامتی ہو (شہنشاہ کونین ﷺ کے اسم گرامی کے ساتھ لگانا چاہیے)

يَغْفِرُ اللّٰهُ لَنَا وَلَكُمْ   اللہ ہماری اور تمہاری مغفرت کرے

فِيْ اَمَانِ اللّٰهِ   اللہ کی پناہ میں

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ   اللہ تم پر رحم کرے

يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ   اللہ تم کو ہدایت دے

كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهٗ   اللہ ان کو مکرم بنائے

مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى.   ہم نے مٹی سے تم کو پیدا کیا اور اسی میں تم کو ہم لوٹائیں گے اور مٹی سے ہی تم کو ہم دوبارہ نکالیں گے

شَفَاهُ اللّٰهُ   اللہ تعالیٰ اس کو صحت دے

بِسْمِ اللّٰهِ   اللہ کے نام سے میں شروع کرتا ہوں

لَعَنَهُ اللّٰهُ   اللہ اس پر لعنت کرے

بِجِنْسِهٖ   اسی کے جنس سے

بِعَيْنِهٖ   اسی جیسا

اَصْلَحَ اِلَیْنَا حَالَهٗ (خدا) ہمارے ساتھ اس کا معاملہ اچھا رکھے۔

لَا حَوْلَ وَ لَا قُـوَّةَ اِلَّا گناہوں سے بچنے کی طاقت اور اطاعت کی قوت

بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ صرف اللہ کی جانب سے ہے جونہایت بلند اور بڑا ہے

☆☆☆

معدود چیزوں کو بولنے کے لئے خاص الفاظ:

نفر آدمی کے لئے، جیسے دو نفر حجام

راس بوجھ لادنے اور دودھ کے جانور کے لئے، جیسے گھوڑا، خچر، گائے، بکری وغیرہ

مبلغ روپیہ اور اشرفی کے لئے، مگر یہ لفظ شمار سے پہلے آتا ہے، جیسے مبلغ دو اشرفی، مبلغ چار روپے

موازی کٹھہ اور بیگھہ سے پہلے، جیسے موازی دو بیگھہ

عدد یہ لفظ ایسا عام ہے کہ اس کا استعمال بہت جگہوں پہ ہوتا ہے، جیسے دو عدد بندوق، پانچ عدد پیالہ

نوٹ:۔ سوائے لفظ مبلغ اور موازی کے اور سب الفاظ شمار کے بعد بولے اور لکھے جاتے ہیں۔ جیسے چار راس گھوڑا وغیرہ۔

☆☆☆

علامات اور ان کا محل استعمال:

سکتہ (کاما) (،) یہ علامت سب سے زیادہ مستعمل ہے۔ اس علامت پر سانس تو ٹوٹتی ہے لیکن ٹھہراؤ نہیں ہوتا، اس کا استعمال حسب ذیل موقعوں پر ہوتا ہے:

☆ ایک ہی قسم کے کلمے کے ان تین یا تین سے زیادہ لفظوں کے بیچ میں جو ساتھ ساتھ استعمال کئے گئے ہوں، جیسے حیدر آباد، میسور، بنگلور اور منگلور

☆ جب ایک ہی درجے یا رتبے کے لفظ جوڑوں میں استعمال ہوں، تو ایک جوڑے اور دوسرے جوڑے کے درمیان، جیسے دن ہو کہ رات، سفر ہو کہ حضر، خلوت ہو یا جلوت۔

☆ ایسے سادہ جملوں کے بیچ میں جو مستثنیٰ اور مستثنیٰ منہ کا بیان کریں۔ جیسے وہ شخص ایمان دار ہے، لیکن سست۔ سارا زمانہ آیا، پر زید نہ آیا۔

وقفہ (سیمی کولون) (؛) جب سکتہ سے زیادہ ٹھہراؤ کی ضرورت پڑے تو وقفہ استعمال کرتے ہیں، اس کا استعمال ان موقعوں پر ہوتا ہے:۔

☆ جب جملوں کے مختلف اجزاء پر زیادہ تاکید دینا پیش نظر ہو، جیسے جو کرے گا، سو پائے گا؛ جو بوئے گا، سو کاٹے گا؛

☆ جن جملوں کے بڑے بڑے اجزاء کے درمیان ورنہ، اس لئے، لہذا، اگرچہ، چہ جائیکہ، درانحالیکہ، لیکن اور اسی قسم کے ربط دینے والے الفاظ آئیں، ان لفظوں سے پہلے وقفے کی علامت لگاتے ہیں، جیسے چونکہ نکاح سے قبل ہی نسبت توڑ دی گئی؛ اس لئے ایسی شادی کا موقع ہی نہیں آیا۔

ختمہ (۔) ☆ یہ علامت مکمل جملے کے خاتمہ پر لگائی جاتی ہے۔

(فل اسٹاپ) ☆ انگریزی کے مخففات کے بعد بھی یہ علامت لگاتے ہیں، جیسے
(۱) بی۔اے (۲) ایم۔اے (۳) ایم۔ایل۔اے۔

رابطہ (:) اس کا ٹھہراؤ وقفے کے ٹھہراؤ سے زیادہ ہوتا ہے۔

(کولون) ☆ اس کا استعمال وہاں کیا جاتا ہے جہاں کسی سابقہ خیال یا بات کی تشریح یا تصدیق کی جاتی ہے۔ جیسے سفر ہو یا حضر ہمیشہ اور ہر جگہ اپنی صحت کا خیال رکھو: اگر کوئی نعمت ہے تو یہی ہے۔
☆ جب کسی مختصر مقولے یا کہاوت کو بیان کرنا ہو تو تمہیدی جملے اور اصل جملے کے بیچ میں لاتے ہیں۔ جیسے کسی حکیم کا قول ہے: آپ کاج مہا کاج (۲) سچ ہے: گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں

واوین (" ") ☆ جب کوئی اقتباس دیا جاتا ہے یا کسی کا قول اس کے

(انورٹیڈ الفاظ میں نقل کیا جاتا ہے یا دوسرے کی بات کو اپنے الفاظ میں بیان کیا

کاماز) جاتا ہے، تو اس کے اول و آخر یہ علامت لگائی جاتی ہے۔ جیسے اس نے جواب دیا "میں کل دس بجے یہاں آؤں گا"

تفصیلیہ (کولون اینڈ ڈیش) (:ـ) اس کے استعمال کا موقعہ یہ ہے۔ کسی طویل اقتباس کو یا کسی فہرست کو پیش کرتے وقت جیسے: (۱) مرزا غالب فرماتے ہیں:۔
(۲) ہندوستان کے بڑے شہر یہ ہیں:۔ ممبئی، دہلی، مدراس

☆ جب ایک ہی جملے میں کئی کئی باتیں پیش کرنا ہوں، جیسے ناریل کے فوائد بے شمار ہیں:۔ اس کا تیل جلاتے ہیں، کھانے میں ڈالتے ہیں، کچا ہو تو اس کا پانی پیتے ہیں۔

☆ کسی اصول یا قاعدے کی مثال پیش کرتے وقت، جب کہ ایسے موقع پر مثلاً یا جیسے کا لفظ ترک کر دیا گیا ہو۔ جیسے اسم وہ ہے جو نام ہو کسی شخص یا چیز کا:۔ زید، کرسی، عمر، بکر۔

خط (ڈیش) (-) ☆ یہ علامت جملہ معترضہ کے پہلے اور آخر میں لگائی جاتی ہے۔ جیسے میری رائے۔ اگر چہ میں کیا اور میری رائے کیا۔ تو یہ ہے کہ آپ اپنے فیصلہ پر غور فرمالیں۔

فجائیہ، ندائیہ (اکسکلا ئمیشن مارک) (!) ☆ یہ کسی کو خطاب کرتے وقت یا ان الفاظ یا جملوں کے بعد لگائی جاتی ہے، جن سے کوئی جذبہ ظاہر ہوتا ہے۔ جیسے غصہ، حقارت، استعجاب، خوف وغیرہ کے موقع پر۔ جذبے کی شدت کی مناسبت سے ایک سے زیادہ علامتیں بھی لگا دیتے ہیں۔ مثلاً افوہ! سخت تکلیف ہے۔

معاذ اللہ! بس صاحب! بس!! وہ اور رحم! اس کی امید فضول ہے۔ میں اور بزم مئے سے یوں تشنہ کام آؤں!

سوالیہ (کوسچن مارک) ؟ ☆ سوالیہ جملے کے آخر میں یہ علامت لگائی جاتی ہے۔ جیسے کیا ہے؟ کس کی باری ہے؟ کون آیا ہے؟ کہاں جا رہے ہو؟

قوسین () ☆یہ علامت جملہ بیانیہ کے پہلے اور آخر میں لگائی جاتی ہے، جیسے

(بریکٹ) [] میرا گھر (یعنی وہ حصہ جس میں میری سکونت ہے) بوسیدہ ہو گیا

{} ہے۔

نوٹ: (قوسین) کی تین شکلیں دکھائی گئی ہیں، استعمال میں سب برابر ہیں۔
یہ لکھنے والے کی مرضی ہے کہ قوسین استعمال کرے یا خط

مخففات (اشارات)

ﷺ	صلی اللہ علیہ وسلم، تصدیق کی بھی علامت ہے	ؑ	علیہ السلام
صلعم	صلی اللہ علیہ وسلم	ؓ	رضی اللہ تعالیٰ عنہ
ؒ	رحمۃ اللہ علیہ	ء	عیسوی
ھ	ہجری	سنہ	سال کے لئے
؍	تاریخ یا اعداد وشمار کے خاتمہ پر	؎	شعر لکھنے سے پہلے
ع	مصرع لکھنے سے پہلے	ؔ	تخلص کے اوپر لکھا جاتا ہے
م	مسیح	ق م	قبل مسیح
الخ	یہ الی آخرہ کا مخفف ہے (اس کے اخیر تک)		
ج	جلد کی علامت ہے	ص	صفحہ کی علامت ہے
س	سوال کے لئے	ج	جواب کے لئے

املا کے سلسلہ کی ایک اہم بات

اردو میں ایسے الفاظ جس کے آخر میں ''ہ'' یا ''الف'' ہوتی ہے، اسکی جمع میں عام طور پر ''ہ''، ''الف'' کی جگہ (ے) آجاتی ہے، ایسے لفظوں کے بعد جب نے، سے، کی، کو، پر، میں سے کوئی آجائے، تو واحد میں بھی یعنی ''ہ'' اور ''الف'' کو (ے) سے بدل کر لکھتے اور بولتے ہیں۔ شرط یہ ہے کہ ''ہ'' اور ''الف'' سے پہلے والے حرف کا زبر زیر سے بدل جائے، جیسے درجہ سے درجے، اس صورت میں ''ج'' کا زبر زیر سے بدل گیا ہے، اب ''درجہ میں'' کے بجائے ''درجے میں''، درجے سے وغیرہ بولا اور لکھا جائے گا، برخلاف خدا اور دعا میں کہ کوئی تبدیلی نہیں ہوئی ہے، اس صورت میں ''ہ'' اور ''الف'' کو (ے) سے بدلے بغیر لکھیں گے، جیسے: خدا سے کہا، دعا میں۔

جن لفظوں کے آخر میں ہائے مختفی ہوتی ہے، وہ جب منادی ہوتے ہیں، تب بھی ان کے آخر میں ''ہ'' کی جگہ (ے) آجاتی ہے، جیسے اے بچے! اے بندے!

☆☆☆☆☆

بچوں کے دین کی حفاظت کیجئے

''اسکول اور کالج کے طلبہ بڑی تعداد میں مجھ سے ملاقات کرتے رہتے ہیں، میں عام طور پر ان سے ایسے سوالات کرتا ہوں، جن سے ان کی دینی معلومات کی مجھے واقفیت ہوتی ہے ——— تجربہ یہ ہے کہ انمیں پچاس فیصد بھی ایسے نہیں ہوتے ،جنہیں صحیح طور پر نماز پڑھنے کا طریقہ معلوم ہو، بمشکل پچیس فیصد ایسے ہوتے ہیں، جنہیں بیس سورتیں یاد ہوں، اور بدقسمتی ہم سبھوں کی یہ ہے کہ انمیں دس فیصد ایسے بھی ہوتے ہیں، جنہیں کلمہ طیبہ بھی یاد نہیں ہوتا ——— سوچئے کیا اسمیں والدین کا قصور نہیں ہے، محلّہ / گاؤں کی مسجد کے امام صاحب کی بے توجہی نہیں ہے، اور کیا ہم تمام لوگوں کی ناکامی نہیں ہے؟''

(مفکر اسلام امیر شریعت حضرت مولانا محمد ولی صاحب رحمانی مدظلہ)

سجادہ نشین خانقاہ رحمانی مونگیر

اپنے بچوں کی دینی تعلیم کا انتظام کیجیے!

''ہم سے ہماری زبان کا سرمایہ چھینا جا رہا ہے اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ ایسا نظام اور نصابِ تعلیم نافذ کیا گیا ہے، جسے پڑھ کر ہمارے بچّے کچھ رہیں یا نہ رہیں ''مسلمان'' بہر حال نہیں رہ سکتے۔۔۔ ہم سب کچھ برداشت کر سکتے ہیں، لیکن ہم یہ برداشت نہیں کر سکتے کہ ہمارے بچّے دین سے بیگانہ ہو جائیں، اس لیے ہمارے لیے ضروری ہو گیا ہے کہ ہم اپنا تعلیمی نظام جاری کریں، تا کہ ہمارے بچّے دین سے آشنا ہو سکیں اور مستقبل میں ہمارا وجود ایک مسلمان اور با مقصد ملت کی حیثیت سے باقی رہے۔۔۔ اقامت دین کا فریضہ جو ہم سب پر عائد ہوتا ہے، اس کا تقاضہ یہ ہے کہ اس بالکل ابتدائی اور بُنیادی کام کو ہم پورا کریں اور ہر قیمت پر پورا کریں۔''

(امیر شریعت حضرت مولانا منت اللہ رحمانیؒ)

بانی آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ

A Publication of

فروغ ادب رحمانی فاؤنڈیشن

FAROGH-E-ADAB RAHMANI FOUNDATION

Belan Bazar, Munger, Bihar بیلن بازار، مونگیر، بہار